Australian Red Cross

ریڈکراس فیملی اور گھریلو تشدد سے متعلق مالی تعاون کا پروگرام

آسٹریلین ریڈکراس فیملی اور گھریلو تشدد (FDV) سے متعلق مالی تعاون کا پروگرام ایسے اہل افراد کو مالی تعاون اور کیس ورک کے سلسلے میں مدد فراہم کرے گا جو عارضی ویزے پر ہیں یا انکے ویزے کی اسٹیٹس نامعلوم ہے، گھریلو تشدد کا سامنا کررہے ہیں، اور ان کو مالی تعاون کی ضرورت ہے۔

اگر آپ مندرجہ ذیل معیار پر پورا اترتے ہیں تو آپ اہل ہوسکتے ہیں:

- آپ آسٹریلین شہری یا مستقل رہائشی نہیں ہیں، اور
- آپ کو گھریلو تشدد کا سامنا ہے یا سامنا کرنے کا خطرہ ہے، اور
- آپ کو مالی پریشانی کا سامنا ہے۔

میں کس طرح حمایت حاصل کروں؟

آپ اس ویب سایٹ پر مالی مدد کے لئے آن لائن درخواست دے سکتے ہیں .www.redcross.org.au/familyviolencerelief

اگر آپ کو درخواست دینے کے لئے مدد کی ضرورت ہو تو کاروباری اوقات کے دوران، پیر سے جمعے تک، اس نمبر پر 1800 RED CROSS (1800 733 276) یا مندرجہ ذیل ایمیل پر ریڈکراس سے رابطہ کریں

NAT_FDV_PILOT@redcross.org.au

آپ کا رابطہ ریڈکراس کے ساتھ رازدارانہ نوعیت کا ہے۔ جو معلومات آپ اپنی درخواست کے ساتھ فراہم کرتے ہیں، ہم اس کو ہمیشہ محفوظ رکھتے ہیں۔

اگر آپ کو کسی مترجم کی ضرورت ہو تو، آپ اس نمبر 450 131 پر ترجمے کی خدمات فراہم کرنے والا ادارہ (Translating and Interpreting Service) سے رابطہ کرسکتے ہیں، اور اپنی ترجیحی زبان کا نام بتاتے ہوے ان سے 1800 733 276 سے منسلک ہونے کے لئے کھ سکتے ہیں۔

کسی کلائنٹ کو ریفر کیسے کریں

اگر فی الحال کسی فرد کو گھریلو تشدد سے متعلق اسپیشلسٹ ادارہ یا کسی اور سروس کی مدد حاصل ہے تو حوالہ دینے کا تیزترین اور محفوظ ترین طریقه یه ہے که وہ ادارہ ویب سائٹ سے رجوع کریں، حوالہ دینے والا فارم مکمل کریں، اور کلائنٹ کی خود رجسٹریشن کروانے میں مدد کریں۔

اضافی مدد دستیاب ہے

اضافی مدد درج ذیل مفت خدمات کے ذریعے دستیاب ہے

جنسی حمله یا تشدد اور گھریلو تشدد کے لئے قومی ہیلپ لائن	1800 RESPECT	**1800 737 732**
زندگی میں بحران کے دوران حمایت اور خودکشی کی روک تھام کے لئے لائف لائن		**13 11 14**
بچوں کی ہیلپ لائن		**1800 55 1800**

مزید معلومات کے لئے اس ویب سائٹ پر جائیں www.redcross.org.au/familyviolencerelief